بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اشارات

اوّلاً یہ معذرت طلبی کہ ترجمان القرآن کے سابق شمارے میں بہت سی غلطیاں رہ گئیں۔ مزید یہ کہ اگست کا شمارہ بہت تاخیر سے آپ تک پہنچ رہا ہے اور دونوں کی وجہ مشترک یہ کہ مجھے میز پر کام کرتے کرتے یکایک اٹھ کے امریکہ روانہ ہوجانا پڑا۔

اب میں، اس کوشش میں ہوں کہ جس شمارے (ستمبر) کے یہ اشارات ہیں، وہ صحتِ کتابت و طباعت کے لحاظ سے بھی قابلِ اطمینان ہو، اور کسی بڑی تاخیر کے بغیر، بلکہ وقت پر نکل سکے۔

مشکل یہ کہ میرا نہ کوئی نائب ایسا موجود ہے کہ جسے میں آگے کا کام سونپ جاتا، اور نہ مصروفیت کے اس دور میں یہی ممکن ہے کہ کسی دوسرے رفیق سے یہ امید کی جاسکتی ہے کہ میرے خالی کردہ محاذ کو خالی نہ رہنے دیں گے۔

اب ذرا ہمارے سفر کی شان بھی تو دیکھیے کہ جیسے کوئی شخص خواب ہی خواب میں ہزاروں میل کی گردش کر لے۔

۱۹ر جون کو لاہور سے اور ۲۰ر کو کراچی سے روانگی۔ ۲۰ر کی دوپہر دوبئی کے ہوائی اڈے پر اور رات ایک ہوٹل میں۔ ۲۱ر کو دوبئی سے، فرینکفرٹ اور پیرس ہوتے ہوئے لندن۔ رات یو کے اسلامک مشن کے دفتر میں قیام۔ ۲۳ر کی شام کو نیویارک، پھر فلوریڈا، ڈیٹرائیٹ، پھر انڈیانا پلس، پھر بالٹی مور، پھر واپس نیویارک، ۱۳ر جولائی کو نیویارک سے کاسا بلانکا اور قاہرہ ہوتے ہوئے جدہ، ۱۶ر کو مکہ معظمہ، ۱۸ر کو مدینہ منورہ، ۱۹ر کو جدہ، ۲۰ر کو پھر مکہ معظمہ، ۲۱ر کو واپسی، ۲۲ر کی صبح کو کراچی اور دوپہر کو لاہور